نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق
موجودہ اور مجوزہ اقدامات

پرائیویسی کمشنر برائے ذاتی معلومات کا دفتر، ہانگ کانگ

پرائیویسی کمشنر برائے ذاتی معلومات (PCPD) کے دفتر کا مقصد ذاتی اعداد و شمار (رازداری) کے قانون *(PDPO)* کی تعمیل کی تشہیر ، نگرانی اور انتظام کے ذریعے ذاتی معلومات کے سلسلے میں افراد کی رازداری کے تحفظ کویقینی بنانا ہے ۔

متعلقہ خدمات	• عوام اور / یا سرکاری اور نجی تنظیموں کے ممبران ذاتی معلومات کی رازداری کے سلسلے میں PCPD سے قانونی مدد کے لیے پوچھ گچھ ، شکایات اور / یامتعلقہ درخواستیں دے سکتے ہیں۔ • PCPD مختلف زرائع سے ذاتی معلومات کے اخفاء کے تحفظ اور احترام کو فروغ دیتا ہےPDPO کے تحت تنظیموں اور افراد کی ضروریات کے مطابق ان کے لیے تربیت کا انعقاد ؛ اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کے تعلقات کا انتظام کرتا ہے • عام لوگوں کے نسلی پس منظر سے قطع نظرہماری خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کے لیے،خدمت کی فراہمی میں زبان کی رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔
موجودہ اقدامات	• ہماری خدمات نسلی حوالے سے غیرجانبدار ہیں اور دو سرکاری زبانوں (چائینیز اور انگریزی) میں دی جاتی ہیں۔ • ذاتی معلومات کی رازداری کے تحفظ اور احترام سے متعلق معلومات PCPD کی ویب سائٹ پر دو سرکاری زبانوں (چائینیز اور انگریزی) میں دستیاب ہے ۔ مزید یہ کہ عوام کے لیے دستیاب تمام کوڈز ، رہنما خطوط ، معلوماتی دستی اشتہار اور کتابچے ان دو سرکاری زبانوں میں شائع کیے جاتےہیں ۔ • جہاں ضروری اور مناسب ہوا وہاں زبان کی خدمات کا انتظام کیا جائے گا۔
مستقبل میں کام کا تعین	• مسلسل بہتری کے لیے اقدامات کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے.

اضافی اقدامات کیے گئے/ جائیں گے	• جہاں مناسب اور ضروری ہوا نسلی اقلیتی مرکز (CHEER)کے توسط سے ترجمانی کی خدمات کا اہتمام کیا جائے گا۔ CHEER آٹھ زبانوں میں ٹیلیفون پر ترجمانی کی خدمات فراہم کرتا ہے ، یعنی بھاسا انڈونیشیا ، ہندی ، نیپالی ، پنجابی ، اردو ، تگالوگ ، تھائی اور ویتنامیز. • PCPD نے زبان کی خدمات کے لیے کام کے طریقہ کار واضع کیے تھے اور اس بات کو یقینی بنایا تھا کہ تمام عملہ (خاص طور پر فرنٹ لائن عملہ) زبان کی خدمات کی پالیسیوں سے باخبر ہو۔ اوربتائے گئے کام کے طریقہ کار سے واقف ہوں ، اور جب بھی ضرورت ہو عملہ کو بروقت ہدایت اور مدد فراہم کریں۔ • نسلی مساوات کے بارے میں شعور اور حساسیت کو بڑھانے کے لیے عملے کو تربیت دینے کا انتظام کیا جائے گا۔ • نسلی مساوات پر ہماری پالیسیوں اور اقدامات کے اثرات کا جائزہ لینے کے لیے ، PCPD خدمات کے استعمال کنندہ کی "ترجمانی / تحریری ترجمہ کی خدمات کی ضرورت" اور "ترجیحی زبان" کے بارے میں بنیادی معلومات اکٹھا کرے گا اور خدمت کی فراہمی میں مسلسل بہتری لائے گا ۔ متعلقہ ذاتی معلومات اکٹھا کرنے سے پہلے خدمت کے صارفین کو ذاتی معلومات اکٹھا کرنے کا بیان فراہم کیا جائے گا ۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے براہ کرم درج ذیل چینلز کے ذریعے سینئر پرسنل ڈیٹا آفیسر (کارپوریٹ سپورٹ) سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون نمبر	:	2827 2827
فیکس نمبر	:	2877 7026
ایمیل	:	enquiry@pcpd.org.hk
ڈاک کا پتہ	:	Room 1303, 13/F, Sunlight Tower, 248 Queen’s Road East, Wan Chai, Hong Kong

پرائیویسی کمشنر برائے ذاتی معلومات کا دفتر، ہانگ کانگ
مئی 2020